© rasailojaraid.com

## ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ

ڈاکٹر محمود احمد غازی (۱۹۵۰ء-۲۰۱۰ء) ایک معروف ماہرِ قانون اور بلند پایہ عالم تھے جنہوں نے جدید دور میں اسلامی شریعت کے حوالہ سے جاری علمی مباحث میں عالمی سطح پر اپنا حصہ ادا کیا۔ انگریزی، اُردو اور عربی میں بین الاقوامی قانون، عدالتی اُمور اور عالمگیریت کے موضوعات پر ان کی تیس سے زائد تصانیف ہیں۔ انہوں نے مختلف تعلیمی، انتظامی اور عدالتی مناصب پر ذمہ داریاں ادا کیں۔ وہ حکومت پاکستان کے وفاقی وزیر برائے مذہبی اُمور، فیڈرل شریعت کورٹ کے جج اور سپریم کورٹ میں شریعت اپلیٹ بنچ کے جج نیز بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے صدر اور انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد کی نیشنل اکیڈمک کونسل کے رکن بھی رہے۔ ''اسلام، بین الاقوامی قانون اور آج کی دنیا'' میں انہوں نے تشکیل پذیر جدید عالمگیر تہذیبی دائرے میں اسلام کے ممکنہ کردار پر روشنی ڈالی ہے اور دائمی امن کے لیے انسانیت کے سامنے ایک متبادل راستہ پیش کیا ہے۔

© rasailojaraid.com